سوال

(224)مرحوم کے ورثاء ایک بیٹی، چار بھائی اور دو بہنیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ محمد کریم شاہ وفات پاگئے جس نے درج ذیل وارث چھوڑے ایک بیٹی، 4 بھائی 2 بہنیں۔ بتائیں کہ شریعت محمدی کے مطابق ہر ایک کو کیا حصہ ملے گا مرحوم کی جائیداداور زیوراور نقدی بینک میں رکھے ہوئے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

معلوم ہونا چاہیے کہ مرحوم کی ملکیت میں سے سب سے پہلے کفن دفن کا خرچہ نکالیں، پھر اگر قرض ہے تو اسے ادا کریں، پھر اگر جائز وصیت کی تھی تو ہو تو کل مال کے تیسرے حصے تک سے پوری کی جائے۔ اس کے بعد باقی ملکیت منقول خواہ غیر منقول کو ایک روپیہ قرار دے کر اس طرح تقسیم کی جائے گی۔

فوت ہونے والا محمد کریم شاہ ملکیت 1 روپیہ

وارث	پائیاں	آنے
بیٹی	50	00
بھائی	10	00
بھائی	10	00
بھائی	10	00
بھائی	10	00
بہن	05	00
بہن	05	00

جدید اعشاریہ فیصد نظام تقسیم

کل ملکیت 100

بیٹی 50

4 بھائی عصبہ 40 فی کس 10

2 بہن عصبہ 10 فی کس 5

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ راشدیہ

صفحہ نمبر 630

محدث فتویٰ